School Year 2025-2026

NYC KiDS RiSE™
Save for College Program

کالج اور کیریئر کی تربیت کے لیے رقم کے ساتھ NYC اسکالرشپ اکاؤنٹس!

NYC پبلک اسکولوں، بشمول شرکت کنندہ چارٹر اسکول، میں اندراج شدہ، کنڈرگارٹن سے چوتھے گریڈ تک کے تمام طلبہ، NYC Kids RISE کے کالج کے لیے بچت پروگرام (Save for College Program) میں شرکت کر سکتے ہیں!* خاندانی آمدنی اور امیگریشن کی حالت سے اہلیت پر کوئی فرق نہیں پڑتا۔ اہل طلبہ کا اندراج خود بخود کر لیا جاتا ہے، ماسوائے یہ کہ ان کے والدین یا سرپرست شرکت نہ کرنے کا فیصلہ کریں۔

طلبہ $100 کی ابتدائی رقم کے ساتھ ایک مفت NYC اسکالرشپ اکاؤنٹ (NYC Scholarship Account) حاصل کرتے ہیں۔ وقت گزرنے پر آپ کے بچے کے اکاؤنٹ کے لیے مزید پیسے حاصل کرنے کے مواقع موجود ہوتے ہیں۔ تنظیمیں، کاروبار اور پڑوسی کمیونٹی اسکالرشپس کے ذریعے طلبہ کے NYC اسکالرشپ اکاؤنٹس کے گروپ میں زر تعاون ادا کر سکتے ہیں۔

کنڈرگارٹن کے طلبہ اور دیگر اہل طلبہ، جو اس تعلیمی سال میں کالج کے لیے بچت پروگرام میں نئے ہیں، ان کے والدین اور سرپرست **جنوری 2026** کے آغاز میں اپنے بچے کے NYC اسکالرشپ اکاؤنٹس کو فعال کر کے دیکھ پائیں گے۔ جب آپ اپنے

بچے کا NYC اسکالرشپ اکاؤنٹ فعال کرتے ہیں، تو آپ کو اپنا پہلا اضافی $25 کا انعام موصول ہو گا!
اس اکاؤنٹ کی رقم کا استعمال کالج اور کیریئر کی تربیت کے مختلف اخراجات کی ادائیگی کے لیے کیا جا سکتا ہے، جیسے ٹیوشن، فیس اور نصابی کتابیں۔ آپ کے بچے کے NYC اسکالرشپ اکاؤنٹ کے لیے:

- آپ کو رقم جمع کروانے کی ضرورت نہیں ہے
- آپ کے لیے کوئی سوشل سیکورٹی نمبر (Social Security Number, SSN)، انفرادی ٹیکس دہندہ کا شناختی نمبر (Individual Taxpayer Identification Number, ITIN)، بینک اکاؤنٹ، یا کریڈٹ کارڈ کی معلومات فراہم کرنا ضروری نہیں ہے

ہماری ویب سائٹ ملاحظہ کریں:

nyckr.org/about-SFCP

مزید جانیں:

- اپنے بچے کے اسکول سے بات کریں
- اپنی زبان میں معلومات کے لیے، NYC Kids RISE کی ہاٹ لائن کو 833-543-7473 پر کال کریں
- ای میل info@nyckidsrise.org

NYC Kids RISE کالج کے لیے بچت پروگرام کے انتظام میں نیو یارک شہر پبلک اسکولز اور سٹی آف نیو یارک کے ساتھ اشتراک کرتا ہے۔

**جغرافیائی ڈسٹرکٹ 30 میں قائم 39 پائلٹ اسکولوں میں کنڈرگارٹن تا پانچویں گریڈ کے سبھی طلبہ شرکت کر سکتے ہیں۔*